تعارف و تبصرہ

المرتضیٰ کرّم اللہ وجہہ

تصنیف : مولانا سید ابو الحسن علی ندوی

صفحات : ۴۸۰ ' قیمت : ۳۰۰ روپے ' آرٹ پیپر

ناشر : مکتبہ سید احمد شہیدؒ ۔ ۱۰ الکریم مارکیٹ ' اردو بازار ' لاہور ۔

"المرتضیٰ" امیر المومنین سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی سیرتِ مطہرہ کا ایک جامع اور مبسوط تذکرہ ہے —— سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اپنے ذاتی محاسن ' خاندانی پس منظر اور دینی و اخلاقی اوصاف و [illegible] تاریخ اسلام بلکہ تاریخ عالم کی ایک عہد آفرین اور اُولوالعزم شخصیت ہیں۔ پروردگارِ کائنات نے آپؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عم زاد بنایا ' آغوشِ نبوی میں پروان چڑھے ' کفر و شرک کی نجاست سے آپؓ کا دامنِ فکر و نظر کبھی آلودہ نہ ہوا ' بچوں میں سب سے پہلے آپ ہی ایمان لائے۔ شبِ ہجرت کے زہرہ گداز لمحات میں آپؓ ہی کو سریرِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر استراحت کا شرف حاصل ہوا ' سفرِ ہجرت میں محض حکمِ نبی کی تعمیل میں آپؓ آبلہ پا ہوئے اور قبا میں رسولِ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ شفا سے لعاب شفا لگوا کر شفایاب ہوئے۔ سیدۃ النساء فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی زوجیت سے آپ کو دامادِ نبی ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہوا۔ بدر و اُحد ' احزاب و خیبر ' اور معرکۂ مکہ و حنین آپ کی شجاعت و بسالت کے داستان سرا ہیں۔ مدینۂ علم و حکمت کی باب کشائی آپؓ کے ہاتھوں انجام پائی ہے۔ الجھے معاملات اور حیرت انگیز مشکلات آپؓ ہی کے ناخنِ تدبیر سے وا ہوتی ہیں۔

یہ علیؓ ہیں جو صدیقؓ کارناموں کے وزیر و مشیر بنے —— یہ علیؓ ہیں جن کے بارے میں سیدنا عمرؓ کی زبان مبارک سے بے ساختہ نکلا تھا : "اگر علی نہ ہوتے تو عمر تو برباد ہو گیا ہوتا" —— یہ علیؓ ہیں جو آخری لمحوں تک خلافت عثمانیؓ کے تحفظ و بقا کے لئے کوشاں رہے۔ یہ بھی علیؓ ہی ہیں جنہوں نے اپنے دورِ خلافت میں خلافت کی گاڑی کو منہاج نبوت سے ہٹنے نہیں دیا —— یہ بھی علیؓ ہی ہیں جن کی سیاست ہر کثافت سے پاک رہی۔ یہ بھی علیؓ ہی ہیں جو تند و تیز آندھیوں میں سنت کا چراغ جلائے رہے اور عداوتوں اور مخالفتوں کے طوفان میں عدالت کا علم تھامے رہے۔

ارشادِ نبویؐ کے مطابق آپؓ میں سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی بھی کچھ شان پائی جاتی ہے کہ آپؓ [illegible] آپؓ [illegible] محبت و عقیدت میں غلو کرنے کی وجہ سے گمراہ ہوئے اور کچھ

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid
© rasailojaraid.c